محکمہ زراعت و لائیو سٹاک کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں مشترکہ اجلاس

متاثرین سیلاب کی مدد کے لیے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: یکم ستمبر 2025: وزیر زراعت و لائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت محکمہ زراعت و لائیو اسٹاک پنجاب کا مشترکہ اجلاس زراعت ہاؤس لاہور میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری لائیو اسٹاک پنجاب احمد عزیز تارڑ سمیت دیگر اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیلابی صورتحال کے دوران متاثرین سیلاب کے جانوروں کے چارے، ویکسین اور ونڈے وغیرہ کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اس موقع پر وزیر زراعت و لائیو اسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریسکیو اور ریلیف آپریشنز میں ڈویژنل و ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کیا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ زراعت کے 1100 افسران و عملہ اور محکمہ لائیو اسٹاک کے 3000 افسران و عملہ فلڈ ریلیف کاروائیوں میں حصہ لے رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ سیلاب سے فصلوں کو پہنچنے والے نقصان کا ابتدائی سروے کیا جائے اور متاثرین سیلاب کی مدد کے لیے تمام ممکنہ وسائل و ذرائع بروئے کار لائے جائیں۔ متاثرین سیلاب کے جانوروں کے لیے چارہ، خوراک اور ادویات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ مویشیوں کے لیے سائیلج، ونڈا اور توڑی کے انتظامات کیے جائیں جبکہ متعدی بیماریوں کے خلاف ویکسینیشن بھی یقینی بنائی جائے۔سید عاشق حسین کرمانی نے ہدایت کی کہ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے کشتیاں حاصل کر کے سیلابی پانی میں پھنسے جانوروں تک سائیلج، ونڈا اور ضروری ادویات پہنچائی جائیں۔ اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب سیلاب متاثرین کے لیے ریسکیو اور ریلیف آپریشن میں بھرپور عملی کردار ادا کر رہا ہے اور فیلڈ فارمیشنز کو اس ضمن میں خصوصی ٹاسک سونپ دیے گئے ہیں۔

★★★★